10982-امام کو بولنے میں مشکل درپیش ہے

سوال

ہماری مسجد کے امام کو قرآن مجید کی قرآت کرتے وقت عربی کے کئی ایک کلمات کی ادائیگی میں مشکل درپیش ہے، مجھے بتایا گیا ہے کہ اگر امام اچھی قرآت نہ کر سکتا ہو، یا پھر آپ کی طرح یا آپ سے بہتر عربی کے کلمات ادا نہ کر سکے تو آپ کے لیے اس کے پیچھے نماز ادا کرنا جائز نہیں تا کہ کہیں آپ کی نماز باطل نہ ہو جائے.

جب میں نے یہ بات سنی تو اس امام کے پیچھے نماز ادا کرنا ترک کر دی لیکن اسے اس کے متعلق کچھ نہ بتایا، میری گزارش ہے کہ اس موضوع میں مجھے بتایا جائے کہ اس کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اگر وہ امام مثلا اپنی عجمیت کی بنا
پر عربی کے بعض کلمات ادا نہیں کر سکتا، یا پھر لکنت کی بنا پر صحیح نہیں بول سکتا
تو وہ اس کا اپنے جیسے کی امامت کروانا صحیح ہے.

اور اگر صحیح کلمات کی ادائیگی کرنے
والا کوئی شخص نہ ملے تو اس کی امامت صحیح ہے، اور اس کے پیچھے نماز ادا کرنے سے
نماز ہو جائیگی، اور اگر کوئی ایسا شخص مل جائے جو سب کلمات کو صحیح ادا کر سکتا ہو
تو پھر سوال میں مذکور امام کی امامت صحیح نہیں ہوگی.